© rasailojaraid.com

پیش کرتے رہے جو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھی جاتی تھیں۔ چنانچہ آپ جمعیت علمائے ہند کے مؤقر روزنامہ ''الجمعیۃ'' میں بحیثیت مدیر کام کرتے رہے، علاوہ ازیں اخبار ''اِستقلال'' دیوبند۔ ماہنامہ ''قائد'' مرادآباد سے بھی آپ کا قلمی تعلق رہا اور حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمٰن عثمانیؒ کے ادارہ ''ندوۃ المصنفین'' دہلی سے بھی آپ کی وابستگی رہی جہاں تالیف وتراجم کا کام انجام دیتے رہے۔

زیادہ تر افادات آپ نے قلمی میدان میں ہی پیش کیے ہیں، وجہ ظاہر ہے کہ آپ ایک بلند پایہ ادیب وانشاء پرداز تھے، آپؒ کے قلمی اسلوب میں ایک پرتاثیر روح تھی جو قارئین کے ذہنوں پر گہرا اثر چھوڑتی تھی، حضرت مولانا مرحوم کے قلمی ثمرات میں سے چند کے نام اور عنوانات کچھ یوں ہیں: (۱) اسلامی تمدن اور یورپین تہذیب۔ (۲) تاریخ مذاہب فقہ۔ (۳) اسلامی تصوف۔ (۴) صبح اسلام۔ (۵) امام شافعی کا علمی سفر۔ (۶) خلفاء راشدین۔ (۷) قرآن مجید کا انگریزی ترجمہ۔

حضرت مولانا مرحوم نے اپنے قلمی وصحافتی دور میں وقت کے بڑے بڑے اربابِ فضل وکمال کی صحبتیں اُٹھائیں اور ان سے نہ صرف علم ودانش کے جواہر حاصل کیے بلکہ اپنی خوبیوں سے اُن کو متاثر بھی کیا۔ چنانچہ امام الہند مولانا ابو الکلام آزادؒ، حضرت مولانا محمد سجاد حسن بہاریؒ، مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمٰن سیوہارویؒ اور حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمٰن عثمانیؒ جیسے اصحابِ فضل وکمال سے آپ کو تعلق حاصل رہا اور ان کے دِلوں میں اپنا مقام بھی بنایا۔

یہ کوئی ۱۹۴۸ء کی بات ہے کہ آپ اپنی ہمشیرہ صاحبہ کی عیادت کے لیے دیوبند سے پاکستان تشریف لائے تو یہیں آپ نے قیام کو ترجیح دِی اور واپس ہندوستان جانے کا اِرادہ کسی وجہ سے ملتوی فرمادیا اور پھر تابقائے حیات یہیں رہے، یہاں تشریف لاکر آپ نے علمی محنت جاری رکھی، درس وتدریس کا مشغلہ بھی اور قرطاس وقلم کا میدان بھی آپ کی دلچسپیوں کا مرکز رہا، افادۂ عام کے لیے ریڈیو پاکستان سے وابستگی اِختیار فرمائی اور تقریباً تین دہائیوں پر مشتمل ایک طویل عرصہ اِسلامی دروس کی نشرواِشاعت میں گزارا، ریڈیو پر آپؒ نے عربی اور فارسی زبانوں میں بھی اپنی خدمات پیش کیں۔

شیخ الاسلام حضرت مولانا سیّد حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد اُن کے خلیفہ اجل حضرت مولانا پیر خورشید احمد ہمدانی علیہ الرحمۃ کے ہاتھ پر آپ نے تجدید بیعت کی اور کچھ ہی عرصہ کے حضرت پیر خورشید صاحبؒ کے خلیفہ مجاز قرار پائے۔ گویا کہ مولانا مرحوم نے ایک سایہ دار درخت کی طرح مرورِ ایام کے احوال و اِنقلابات کو دیکھتے ہوئے بھی ہر حال و ہر موسم میں راہِ حیات کے بے شمار مسافروں اور راہ گیروں کو چھاؤں بخشی، سکون بخشا، جس کی ٹھنڈی چھاؤں میں نہ جانے کتنے قافلے راحت وسکون سے مستفید ہوئے اور نہ معلوم کتنے مسافر ایسے ہیں جو اب اس کی چھاؤں کو ترستے رہیں گے۔

اللہ تعالیٰ حضرت مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں بہترین مقام عطا فرمائے اور جملہ پسماندگان کو صبر وسکون بخشے۔ آمین



© rasailojaraid.com